پاکستان شاہینز کی ٹاپ اینڈ ٹی ٹوئنٹی سیریز میں لگاتار تیسری کامیابی۔

- میلبرن اسٹارز کو 43 رنز سے ہرادیا، شاویز عرفان کی نصف سنچری

ڈارون (آسٹریلیا) 2 اگست، 2023:

پاکستان شاہینز نے اپنی عمدہ کارکردگی کو جاری رکھتے ہوئے ٹاپ اینڈ ٹی ٹوئنٹی سیریز میں میلبر ان اسٹارز کو 43 رنز سے شکست دیدی۔

اس میچ کی خاص بات اوپنر شاویز عرفان کی نصف سنچری تھی۔

چھ ٹیموں کے اس ٹورنامنٹ میں یہ پاکستان شاہینز کی لگاتار تیسری کامیابی ہے۔ اس سے قبل وہ اے سی ٹی کامیٹس کو 9 وکٹوں سے اور میلبرن رینی گیڈز کو 8 رنز سے شکست دے چکی ہے جبکہ این ٹی اسٹرائیک کے خلاف اسے 59 رنز سے شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔

پاکستان شاہینز نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا اور مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں پر 169 رنز بنائے۔

جواب میں میلبرن اسٹارز کی ٹیم 17 اعشاریہ ایک اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 126 رنز بنا سکی۔ اس کے دو بیٹرز انجرڈ ہونے کی وجہ سے بیٹنگ کرنے کی پوزیشن میں نہ تھے۔

شامل حسین اور شاویز عرفان نے اعتماد سے اننگز کا آغاز کیا اور صرف پانچ اوورز میں 60 رنز کی شراکت قائم کرڈالی۔

پاکستان شاہینز کے 100 رنز 11 ویں اوور میں مکمل ہوئے۔

شامل حسین 16 گیندوں پر 25 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے جس میں پانچ چوکے شامل تھے۔

شاویز عرفان نے اپنی نصف سنچری 32 گیندوں پر مکمل کی۔ انہوں نے 5 چوکوں اور 4 چھکوں کی مدد سے 65 رنز کی اہم اننگز کھیلی۔

ان کے آؤٹ ہوتے ہی پاکستان شاہینز کی تین وکٹیں اسکور میں صرف 2 رنز کے اضافے پر گر گئیں جن میں کپتان روحیل نذیر 16 اور عرفات منہاس بغیر کوئی رن بنائے آؤٹ ہوگئے۔

وہاج ریاض کے دو چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 28 رنز ناٹ آؤٹ اور احمد خان کے ایک چھکے کی مدد سے 19 رنز کی وجہ سے پاکستان شاہینز 169 تک پہنچنے میں کامیاب ہوسکی۔

ان دونوں نے چھٹی وکٹ کی شراکت میں قیمتی 44 رنز کا اضافہ کیا۔

میلبرن اسٹارز کی طرف سے رائلے مارک اور ارجن نائر نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

میلبرن اسٹارز کی اننگز میں ٹام راجرز اور ہیری ڈکسن نے 45 رنز کا اچھا اسٹارٹ دیا۔ڈکسن 14 گیندوں پر 5 چوکوں اور ایک چھکے کی
مدد سے 32 رنز بنا کر رن آؤٹ ہوگئے۔

راجرز کو 13 رنز پر فیصل اکرم نے آؤٹ کردیا۔ہریش کانن 11 رنز بنا کر رن آؤٹ ہوئے تو میلبرن اسٹارز کا اسکور 3 وکٹوں پر 71 رنز تھا۔
پاکستان شاہینز نے میچ پر گرفت اسوقت دوبارہ مضبوط کرلی جب 12 رنز کے اضافے پر عالیان محمود۔فیصل اکرم اور عرفات منہاس میلبرن اسٹارز کی تین وکٹیں حاصل کرنے میں کامیاب ہوگئے جن میں 31 رنز بنانے والے ارجن نائر کی وکٹ بھی شامل تھی۔

پاکستان شاہینز کی طرف سے فیصل اکرم نے 24 رنز دے کر 2 وکٹیں حاصل کیں۔

پاکستان شاہینز اپنا پانچواں اور آخری میچ جمعہ کے روز پاپوانیوگنی خلاف کھیلے گی۔

مختصر اسکور۔
پاکستان شاہینز۔169 رنز 6 کھلاڑی آؤٹ (20 اوورز)۔شاویز عرفان 65۔وہاج ریاض 28 ناٹ آؤٹ۔شامل حسین 25۔رائلے مارک 23/2 وکٹ۔ارجن نائر 28/2 وکٹ۔
میلبرن اسٹارز 126 رنز 8 کھلاڑی آؤٹ (17 اعشاریہ ایک اوورز) ہیری ڈکسن 32۔ارجن نائر 31۔فیصل اکرم 24/2 وکٹ۔
(میلبرن اسٹارز کے دو بیٹرز انجرڈ ہونے کی وجہ سے بیٹنگ کرنے کی پوزیشن میں نہ تھے)۔

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

pepsi · TCL · PARKVIEW CITY · TRANS GROUP

Pathway Cricket Programme

engro CRICKET COACHING PROJECT

Broadcast & Live Streaming Partners

WILLOW · FLO SPORTS · sky sports · SuperSport · etisalat · FOX SPORTS · sky SPORT

PCB Headquarters

Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000

Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficia